02.09.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں..............................ارجمند علی خان

**Music**

\-------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی باہمی بات چیت اور کلیدی ساجھیداری کے مقصد سے کل برونائی اور سنگاپور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی دس کروڑ نئے ارکان کو شامل کرنے کی خاطر BJP کی رکنیت مہم کا آغاز کرنے والے ہیں۔

☆ تلنگانہ سرکار نے شدید بارش کے بعد سیلاب آنے، اموات ہونے اور لوگوں کے بے گھر ہونے کے تناظر میں امدادی کوششیں تیز کردی ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندرمودی نے پیرس پیرالمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر نشاد کمار کو مبارکباد دی ہے۔

☆ اور خواتین کے SU-5 بیڈمنٹن مقابلے میں Thulasimathi Murugesan فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Bunei Singapure Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی کل برونائی اور سنگا پور کے تین دن کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ نئی دِلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں مشرقی امور کے محکمے کے سکریٹری جے دیپ مجمدار بتایا کہ وزیراعظم برونائی کے سلطان حاجی حسن البلقیہ کی دعوت پر برونائی جارہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ کسی بھارتی وزیراعظم کا برونائی کا یہ پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ جناب مودی کا یہ دورہ ایسے وقت ہو رہا ہے کہ جب بھارت اور برونائی کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کو 40 سال مکمل ہورہے ہیں۔ جناب مجمدار نے بتایا کہ سلطان حاجی حسن البلقیہ 1992 اور 2008 میں بھارت کے سرکاری دورے پر آئے تھے اور 2012 اور 2018 میں آسیان-بھارت یادگاری سربراہ میٹنگوں میں شرکت کی تھی۔ اپنے دورے میں وزیراعظم

نریندر مودی باہمی تعلقات کے تمام تر پہلوؤں اور برونائی کے ساتھ اشتراک پر تبادلۂ خیال کریں گے اور تعاون کے نئے شعبے تلاش کرنے پر بھی بات چیت کریں گے۔ برونائی کے ساتھ بھارت کے قریبی اور دوستانہ تعلقات ہیں، جس میں دفاع، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، خلائی تکنیک، صحت، صلاحیت سازی، ثقافت اور عوام سے عوام کے متحرک رابطوں جیسے مختلف شعبے شامل ہیں۔ سکریٹری موصوف نے بتایا کہ برونائی میں رہنے والے بھارت نژاد افراد کی تعداد تقریباً 14 ہزار ہے، جن میں ڈاکٹر اور اساتذہ کافی تعداد میں ہیں۔ اِن لوگوں کو برونائی کی معیشت اور معاشرے کے تئیں اپنی خدمات کی بدولت خیرسگالی اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔جناب مجمدار نے کہاکہ مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی بھارت کی پالیسی اور بھارت-بحرالکاہل کے اُس کے نظریے میں برونائی ایک اہم ساجھیدار ملک ہے۔ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیراعظم سنگاپور کے اپنے ہم منصب Lawrence Wong کی دعوت پر بدھ کے روز سنگاپور جائیں گے۔ جناب مودی تقریباً چھ سال بعد سنگاپور کا دورہ کررہے ہیں۔دونوں رہنما باہمی کلیدی ساجھیداری کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے اور علاقائی، نیز باہمی مفاد کے عالمی امور پرتبادلۂ خیال کریں گے۔

**Rev. BJP-Membership**

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلی میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی رکنیت مہم کا آغاز کریں گے۔ اِس مہم کا مقصد نئے ممبران کو پارٹی میں شامل کرنا اور موجودہ ممبران کی تجدید کرنا ہے۔ جناب مودی پارٹی کے صدر جے پی نڈا سے اپنی رکنیت کی تجدید کا سٹیفکیٹ حاصل کریں گے۔ یہ مہم آج سے 10 نومبر تک مختلف مراحل میں ہوگی۔ رکنیت کی مہم کا پہلا مرحلہ اِس ماہ کی 25 تاریخ کوختم ہوجائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بی جے پی نے اُن ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو چھوڑ کر، جہاں چناؤ ہونا ہے، ملک بھر میں اپنی رکنیت مہم میں کم از کم 10 کروڑ نئے ممبران کو شامل کرنے کا ہدف رکھا ہے۔

**President Maharashtra**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے مہاراشٹر کے تین دن کے دورے پر رہیں گی۔ وہ آج کولہا پور کے Warananagar میں خواتین کے شری Warana امدادِباہمی گروپ کی گولڈن جبلی تقریب میں شرکت کریں گی۔ اپنے دورے کے دوسرے دن صدرجمہوریہ پونے میں Symbiosis International Deemed یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کے 21 ویں جلسے سے خطاب کریں گی۔ اِس کے علاوہ محترمہ دروپدی مرمو ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی صدسالہ تقریب میں بھی موجود رہیں گی۔ اپنے دورے کے آخری دن صدرجمہوریہ لاتور کے Udgir میں بدھ وہار کا افتتاح کریں گی۔

**Kolkata Protests**

ممتاز بنگالی اداکاروں اور فلمی صنعت سے وابستہ دیگر سرکردہ شخصیات نے کولکاتہ میں رات بھر جاری رہنے والے احتجاج میں حصہ لیا۔ وہ گزشتہ ماہ آرجی کر اسپتال میں زیر تربیت ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے میں انصاف کا مطالبہ کررہے تھے۔ شہر کے کالج اسکوائر سے شروع ہونے والی ایک بڑی ریلی میں اپرنا سین، Swastika مکھرجی، Sudipta چکرورتی، Chaiti گھوسال، Sohini سرکار سمیت ممتاز اداکاروں، معروف شخصیات اور دیگر افراد نے ٹرینی ڈاکٹر کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے سینٹرل ایونیو تک مارچ کیا۔ اداکاروں سمیت احتجاج میں شریک ہونے والے افراد آج صبح تک دھرنے کے مقام پر

موجود رہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکمراں ترنمول کانگریس کا کوئی نمائندہ یا انتظامیہ کا کوئی بھی شخص اُن سے ملاقات کرے، تاکہ جلد تحقیقات اور اس معاملے میں ملوث افراد کی گرفتاری کے، اُن کے مطالبات کو پورا کیا جاسکے۔

**Telangana-Rain**

تلنگانہ ریاستی حکومت نے ریاست میں شدید بارش کے پیش نظر راحتی اقدامات تیز کردیے ہیں۔ شدید بارش کی وجہ سے ریاست کے مختلف اضلاع کے نشیبی علاقے زیرِ آب ہیں۔ کم از کم چار افراد کی جانیں تلف ہونے اور کچھ لوگوں کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ متاثرہ علاقوں سے متعدد افراد کو ریاست میں کچھ مقامات پر امدادی کیمپوں میں منتقل کردیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد سینئر عہدیداران کو بڑے پیمانے پر راحتی اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے اور جہاں شدید بارش کی پیش گوئی ہے، اُن علاقوں میں مستعد رہنے کو کہا ہے۔ انہوں نے بارش سے وابستہ واقعات میں ہلاک ہونے والوں کے کنبوں کو 5-5 لاکھ کی نقد امداد دینے کا بھی اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مال مویشی کے نقصانات کے معاوضے میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ ریاستی حکومت سیلاب سے ہوئے نقصان کی ایک جامع رپورٹ مرکز کو پیش کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے بری طرح متاثرہ Khammam، Bhadradri، Kothagudem، Mahbubabad اور Suryapet کے لیے پانچ کروڑ روپے کی فوری امداد کا بھی اعلان کیا ہے۔ جناب ریڈی سیلاب سے بری طرح متاثرہ اضلاع کا دورہ کریں گے۔

**GST Collection**

اگست کے مہینے میں اشیاء اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولیابی ایک اعشاریہ سات پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوئی، جوکہ گزشتہ برس کے اسی مہینے کے ایک اعشاریہ پانچ نو لاکھ کروڑ روپے کی وصولیابی کے مقابلے میں 10 فیصد زیادہ ہے۔ رقم کو واپس کئے جانے کے عمل کو متوازن بنائے جانے سے قبل، مرکزی حکومت نے 30 ہزار 862 کروڑ روپے وصول کئے، جبکہ ریاستی حکومتوں نے 38 ہزار 411 کروڑ روپے وصول کئے۔ درآمدات اور بین ریاستی فروخت سے متعلق مربوط GST کی وصولیابی 93 ہزار 621 کروڑ روپے ہوئی۔اس کے علاوہ گھریلو لین دین سے مجموعی GST ریونیو میں 9 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا، اور یہ تقریباً ایک اعشاریہ دو پانچ لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔ اشیاء کی درآمدات سے حاصل ہونے والے مالیہ میں12 اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا، اور یہ 49 ہزار 976 کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔

**Israel Protest**

اسرائیل میں کل سے ہزاروں لوگ ریلیاں اور احتجاج کررہے ہیں۔ اُن کا مطالبہ ہے کہ وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو اُن افراد کی واپسی کیلئے حماس کے ساتھ جنگ بندی نافذ کریں، جنہیں غزہ میں یرغمال بنا کر رکھا گیا ہے۔ اسرائیلی دفاعی افواج کی جانب سے چھ یرغمال افراد کی لاشیں ملنے کے اعلان کے بعد سے وہاں احتجاج کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ رات بھر مظاہرے ہوتے رہے۔ تل ابیب میں اسرائیلی دفاعی افواج کے ہیڈکوارٹرس کے باہر بھی مظاہرہ کیا گیا۔ کئی لوگ یرغمال بنائے گئے افراد کی تصویروں کے ساتھ پوسٹر لئے ہوئے تھے، جنہیں پچھلے سال سات اکتوبر کو اسرائیل میں حماس کے اچانک حملے کے دوران یرغمال بنایا گیا تھا۔ مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق احتجاج کرنے والے مظاہرین کے ساتھ یگانگت کے اظہار کے طور پر پورے اسرائیل میں سنیما ہال، تھیٹر، میوزیم، یونیورسٹیاں، ریستوراں، کیفے اور دیگر کاروباری ادارے بند ہیں۔ اُدھر لیبر رہنماؤں

نے آج ایک دن کی عام ہڑتال کا نعرہ دیا ہے۔

**Prez Nishad Kumar**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے پیرس پیرالمپکس 2024 میں مردوں کے High Jump T-47 مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر نشاد کمار کو مبارکباد دی ہے۔ صدر جمہوریہ نے پیرالمپک گیمز میں لگاتار چاندی کے تمغے جیتنے پر اُن کی عمدہ کارکردگی اور تسلسل کی ستائش کی ہے۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہاکہ ملک میں سبھی ایتھلیٹ نشادکمار سے تحریک حاصل کریں گے۔وزیراعظم نریندر مودی نے بھی نشادکمار کے جذبے اور پختہ عزم کی تعریف کرتے ہوئے کہاکہ ملک کو اُن پر فخر ہے۔

**Paralympics**

پیرس پیرالمپکس میں بھارت کی پیرا بیڈمنٹن کھلاڑی Thulasimathi Murugesan اپنی ساتھی کھلاڑی Manisha Ramadass کو ہرا کر خواتین کے SU-5 بیڈمنٹن مقابلے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ کل رات سیمی فائنل میں تمل ناڈو کی اعلیٰ درجے کی کھلاڑی Murugesan نے 23-21، 21-17 سے جیت حاصل کی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی انہوں نے کم از کم چاندی کا تمغہ یقینی کرلیا ہے۔ اب فائنل میں ان کا مقابلہ چین کی Yang Qiuxia سے ہوگا۔ سیمی فائنل میں ہارنے کے بعد Ramadass کانسے کے تمغے کیلئے ڈنمارک کی کھلاڑی کے ساتھ مقابلہ کریں گی۔پیرا تیر اندازی میں عالمی نمبر ایک پیرا تیر انداز راکیش کمار مردوں کے انفرادی کمپاؤنڈ اوپن مقابلے میں اچھی کارکردگی کے باوجود کانسے کا تمغہ حاصل نہیں کرپائے۔